**نصاب تربیت**
**سال 2025-2024**

**سیکرٹری تربیت کی ذمہ داریاں:۔**
سیکرٹری تربیت لجنہ اماء اللہ کی ممبرات میں اسلامی اخلاق راسخ کرانے کی مسلسل کوشش کریں۔

اخلاقی ، روحانی ، تمدنی غرض ہر قسم کے تربیتی پہلوؤں پر نظر رکھنا سیکرٹری تربیت کا کام ہے۔

سیکرٹری تربیت جماعت کی خواتین میں پردہ کی پابندی کو بہتر بنانے کی کوشش کریں اور بے پردگی کے رجحانات پر نظر رکھیں اور ایسی تدابیر کریں کہ یہ جماعت میں جڑ نہ پکڑ سکیں۔

سیکرٹری تربیت ایسے اقدامات کریں کہ غیر اسلامی روایات اور بد رسومات جماعت کی خواتین میں رائج نہ ہونے پائیں۔ (دستورِ اساسی لجنہ اماء اللہ سلسلہ عالیہ احمدیہ)

**ماہانہ تربیتی پروگرام**

ہر ماہ مجلس کے ماہانہ اجلاس میں اس پروگرام کے تحت عمل کیا جائے ۔ ماہانہ موضوع کے حساب سے آپ اپنے اجلاس میں دئے گئے موضوع پر مضامین پڑھیں گی اور پھر ان موضوعات پر ایک ڈسکشن کی جائے اور آپس میں تبادلہ خیال کے ذریعہ یہ سمجھنے کی کوشش کی جائے کہ ان اخلاق پر کیسے عمل کیا جائے اور اپنی آنے والی نسلوں کیلئے ایک نمونہ قائم کیا جائے ۔ نیز سٹوڈنٹ لجنہ اور ناصرات کو بھی اس ڈسکشن میں شامل کیا جائے تاکہ انہیں بھی احساسِ ذمہ داری پیدا ہو کہ انہوں نے اپنے اندر ان اخلاق کو پیدا کرنا ہے ۔ ان موضوعات پر مضامین آپکو ہر ماہ مہیا کئے جائیں گے جن سے آپ استفادہ کر سکتی ہیں۔

سیکرٹری تربیت سب سے پہلے خود اپنا جائزہ لیں اور اپنی ڈائری بنائیں جس میں وہ اپنا جائزہ لے سکتی ہیں کہ آیا وہ خود بھی ان باتوں پر عمل کرتی ہیں جس کے بارہ میں وہ دوسری بہنوں اور بچیوں کو نصیحت کر رہی ہیں ۔ انکے قول اور فعل میں تضاد نہیں ہونا چاہئے۔

**نومبر**

موضوع تربیت:۔

**خواتین کی اخلاقی کمزوریاں (غیبت، حسد، تکبر، منافقت)**
گو کہ مرد و زن سبھی ان برائیوں کا شکار ہو سکتے ہیں مگر خواتین میں یہ اخلاقی کمزوریاں خاص طور پر پائی جاتی ہیں ۔ انکی معمولی سی بھی ملونی اخلاق کو مسخ کر دیتی ہے ۔

ماہانہ اجلاس میں ان اخلاق کو ڈسکس کیا جائے اور اپنا انفرادی جائزہ لیا جائے کہ ہم کس حد تک انکا شکار ہیں ۔ لجنہ و ناصرات کو تاکید کی جائے کہ ماہ نومبر کے اس موضوع پر آپ نے اپنا محاسبہ خود کرنا ہے اور اپنی ڈائری میں یہ نوٹ بنانے ہیں کہ آپ نے ان برائیوں سے بچنے کی کیسے کوشش کرنی ہے ۔

## دسمبر

موضوع تربیت:-

**عہد لجنہ اماء اللہ اور ہماری زمہ داریاں**

اس ماہ میں لجنہ اماء اللہ اپنے عہد کو سمجھیں جو کہ ہر ماہ وہ اللہ سے کرتی ہیں جب ماہانہ اجلاس میں اس کی دہرائی کی جاتی ہے وہ اپنا جائزہ لے سکتی ہیں کہ وہ اس عہد کو کس حد تک نبھا رہی ہیں ۔ اسی طرح ناصرات بھی اپنے عہد ناصرات الاحمدیہ کو سمجھیں ۔لجنہ و ناصرات اپنی ڈائری میں اپنا محاسبہ کریں کہ آپ اللہ سے کئے ہوئے کس کس وعدہ کو اچھے رنگ میں نبھا رہی ہیں ۔ اور کہاں کمی ہے اسے کیسے دور کرنا ہے ۔ نئے سال کیلئے ہم نے خود کو کیسے تیار کرنا ہے کہ ہمارے ہر کام میں دین دنیا پر مقدم ہو ۔

## جنوری

نئے سال کے آغاز پر ہم اس عزم کے ساتھ خود کو اعلیٰ اخلاق کیلئے تیار کریں کہ دیکھنے والے ہمارے اخلاق دیکھ کر ہی جماعتِ احمدیہ کے بارہ میں جاننے کی کوشش کریں ۔ ہمارے اخلاق سب میں نمایاں ہوں ۔ اس کے لئے بنیادی اخلاق کو درست طریقے سے اپنانے کی ضرورت ہے ۔

اس کیلئے پانچ بنیادی اخلاق جو حضرت خلیفتہ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے اپنے ایک خطبہ میں بیان کئے تھے

1. سچائی کی عادت

2. نرم اور پاک زبان کا استعمال اور ایک دوسرے کا ادب کرنا

3. وسعتِ حوصلہ

4. غریب کی ہمدردی اور دکھ دور کرنے کی عادت

5. مضبوط عزم و ہمت

ان پر ہم کام کریں گے ۔ آپ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ،

"یہ وہ پانچ بنیادی اخلاق ہیں جو میں سمجھتا ہوں کہ ہماری تنظیموں کو خصوصیت کے ساتھ اپنے تربیتی پروگرام میں پیشِ نظر رکھنے چاہئیں ۔ ان پر اگر وہ اپنے سارے منصوبوں کی بناء ڈال دیں اور سب سے زیادہ توجہ ان اخلاق طرف کریں تو میں سمجھتا ہوں کہ اسکا فائدہ آئیندہ سو سال ہی نہیں بلکہ سینکڑوں سال تک بنی نوع انسان کو پہنچتا رہے گا ۔ "

(خطبہ جمعہ 24 نومبر 1989ء)

موضوع تربیت:۔

اس ماہ ہم **سچائی کی عادت** کے بارہ میں ڈسکشن کرینگے کہ ہم کس طرح جھوٹ سے بچتے ہوئے خالص سچ بولنے کی عادت اپنے اندر پیدا کر سکتی ہیں اور بچوں کو کس طرح جھوٹ کی بجائے سچ بولنا سکھا سکتی ہیں ۔ اپنی ڈائری میں محاسبہ کریں کہ کب اور کیوں جھوٹ بولنے کی ضرورت پیش آئی اور جھوٹ بولنے کی بجائے سچ بولا ہوتا تو ایک جھوٹ کو چھپانے کیلئے بہت سارے جھوٹ نہیں بولنے پڑتے ۔ لجنہ و ناصرات ہر ہفتہ اپنی ڈائری میں اپنی سچ بولنے کی عادت کی پراگریس لکھیں تاکہ ہمیشہ سچ بولنے کی عادت پختہ ہو جائے ۔ (محاسبہ ہر روز کیا جائے تو بہتر ہے )

## فروری

موضوع تربیت:۔

**نرم اور پاک زبان کا استعمال اور ایک دوسرے کا ادب کرنا**

یہ بہت اہم خُلق ہے اس میں بڑے چھوٹے سب کا احترام لازم ہے ۔۔ بعض اوقات بے تکلفی میں اسکو ملحوظ خاطر نہیں رکھا جاتا اور سہیلیاں ، بہن بھائی دوست بے تکلفی میں زبان کی پاکیزگی اور نرمی کو بھول جاتے ہیں ۔ نہ صرف گالی گلوچ سے پرھیز کرنا ہے بلکہ اچھی پاکیزہ زبان بھی استعمال کرنی ہے جس میں ہر ایک بڑے چھوٹے کی عزتِ نفس کا خیال رکھنا ہے ۔ لجنہ و ناصرات نے اپنا جائزہ لیناہے کہ آیا میں اپنے ارگرد لوگوں کا احترام کرتی ہوں اور ایک احمدی مسلمان ہونے کے ناطے میری زبان پاکیزہ ہے

## مارچ

موضوع تربیت:۔

**وسعتِ حوصلہ**

ایک احمدی کا وسعتِ حوصلہ یعنی قوتِ برداشت مثالی ہونا چاہئے ۔اجلاس میں ڈسکشن کی جائے کہ صبر و تحمل کی عادت کس طرح اپنے بچوں میں پیدا کی جائے. جب ہم صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں گی تو ہی ہمارے بچے بھی وسیع دل اور حوصلہ والے ہونگے ۔ بچیوں کو خاص طور پر اسکی عادت ڈالیں

اس ماہ ہر دن اپنا جائزہ لیناہے کہ ہم کس حد تک اپنی کوشش میں کامیاب رہیں ۔

## اپریل

موضوع تربیت:۔

**غریب کی ہمدردی اور دکھ دور کرنے کی عادت**

ایک احمدی مسلمان کی حیثیت سے ہمارے دل میں نرمی اور محبت ہونی چاہئے ۔ہم نے دوسروں کی تکلیف کا احساس اپنے بچوں میں بھی پیدا کرنا ہے ۔ اس کے لئے سٹوڈنٹ لجنہ اور ناصرات کے ساتھ مل کر ایسی مساعی کی جائیں جن میں بچیاں خود شامل ہوں اپنے جیب خرچ سے کچھ رقم خرچ کریں اور غریب اور ضرورت مند کی مدد کریں خواہ کسی بھی رنگ میں ہو ۔ (اسکے لئے سیکرٹری خدمت خلق ساتھ مل کر کام کر سکتی ہیں)

## مئی

موضوع تربیت:-

**اتحاد و یک جہتی اور اطاعت خلافت**

کسی بھی قوم کی بقاء اسکے ایک ہونے میں ہیں اور خلافت سب کوایک ہاتھ پر جمع کرتی ہے ۔ یہ خلافت کی برکات ہیں کہ ہم سب ایک منظم جماعت کی صورت میں دنیا کے سامنے ہیں ۔

مگر کیا ہم متحد ہیں ؟

اس ماہ ہم یوم خلافت مناتے ہیں تو یہ ڈسکشن کی جائے کہ ہم خلیفہ وقت کی کس قدر اطاعت کرتی ہیں اور آیا ہم آپ کی تمام ہدایات پر عمل پیرا ہیں ؟ کیا ہم میں اتحاد ہے اور ہم نے اپنے بچوں بچیوں کو کس طرح اطاعت خلافت کی طرف توجہ دلانی ہے کہ انکے لئے خلیفہ کا حکم مقدم ہو ۔۔۔ اپنی ڈائری میں جائزہ لیناہے کہ ہم اپنے پیارے امام کی کس طرح اطاعت کرتی ہیں ۔

## جون

موضوع تربیت:-

**مضبوط عزم و ہمت پیدا کرنا**

بطور احمدی ہمارے عزائم اور مقاصد بلند ہونے چاہئیں ۔ اس کے لئے ہم نے مضبوط کردار والی اولادیں جماعت کو پیش کرنی ہیں تو ہرپل خود اپنا بھی جائزہ لیناہے کہ کہیں میرا رویہ مایوسی کی طرف تو نہیں جا رہا ۔ بچوں بچیوں کو ہمیشہ مثبت سوچ کے ساتھ اور روزمرہ کی مشکلات کاسامنا کرنے کی ہمت و حوصلہ دیں ۔

## جولائی

موضوع تربیت:-

**قناعت اور سادہ زندگی**

اپنی روزمرہ کی ضروریاتِ زندگی کے علاوہ غیر ضروری خرچ سے بچنے کی کوشش کی جائے تو زندگی سادہ اور آسان ہو جاتی ہے ۔ آجکل کے مادی دور میں خدا تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا اور اس پر قانع ہونا سیکھنا ہوگا ۔ اپنے بچوں کو اس مادیت پرستی کی دوڑ میں شامل ہونے سے بچانا ہوگا ۔

خود پر خدا کی نعمتوں اور فضلوں کو یاد کریں اور اپنی ڈائری میں نوٹ کریں۔ شکر گزاری کے جذبہ سے آپ کا دل مطمئن ہو گا اور یہ دلی اطمینان آپکی ذہنی طور پر پُرسکون رہنے کیلئے مدد گار ہوگا۔

## اگست

موضوع تربیت:۔

**شادی کا مقصد ، خواتین کے حقوق وفرائض**

اس موضوع پر خواتین کو انکے حقوق و فرائض کی یاد دہانی کروائی جائے اور ساتھ ہی بچیوں کو اس رشتہ کے اغراض و مقاصد بتائیں اور انکے ساتھ ڈسکشن کریں اگر اس بارہ میں انکے سوالات ہیں انہیں سنیں اور انکی راہنمائی کریں۔

## ستمبر

موضوع تربیت:۔

**ایمانداری اور دیانت**

سچائی کے ساتھ ساتھ ایک احمدی کا سب سے بڑا وصف ایمانداری ہے اگر ہم میں سچائی اور ایمانداری نہیں ہے تو اسکا مطلب ہے کہ ہمارے ایمان کمزور ہیں ۔۔۔ اس مادیت پرستی اور دھوکہ دہی کے زمانے میں اپنی نسلوں کی تربیت اس طرح کرنی ہے کہ شیطان کہیں سے بھی ان پر حملہ کرنے میں کامیاب نہ ہو ۔۔ ڈسکشن کریں کہ دھوکہ دہی میں کیا کیا شامل ہے اور اس کی تھوڑی سی بھی ملونی ہمارے ایمان کو متزلزل کر سکتی ہے۔

## اکتوبر

لباس التقوی

مندرجہ بالا تمام اخلاق کو اپناتے ہوئے ہمیں اللہ سے اپنا تعلق مضبوط کرنے کی کوشش کرنی ہے اپنے تقوی کے معیار کو بلند کرنے کی کوشش کرنی ۔۔۔

ڈسکشن کریں کہ تقوٰی کی کونسی راہیں ہیں جو ہمیں اللہ سے قریب کر سکتی ہیں ہم محبتِ الٰہی کیسے حاصل کر سکتے ہیں ۔

**ایکشن پلان یعنی عملی منصوبہ**

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لجنہ ممبرز کے لیے نماز (صلوٰۃ) اور قرآن کریم کی تلاوت میں باقاعدگی کی اہمیت پر زور دیا، اور جو ابھی تک باقاعدہ نہیں ہیں، انہیں باقاعدہ ہونے کی ترغیب دی ہے ۔ آپ نے اس بات پر زور دیا کہ صرف قرآن پڑھنا کافی نہیں ہے بلکہ خاص طور پر ترجمہ سیکھ کراس کی تعلیمات کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا بھی ضروری ہے، ۔ آپ نے حیادار لباس پہننے اور بغیر کسی خوف کے حجاب کی پابندی کرنے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا،، خاص طور پر فرانس میں۔ آخر میں، آپ نے یاد دلایا کہ ہر عمل اللہ کی رضا کے لیے ہونا چاہیے، اور اپنے مقاصد میں کامیابی کے لیے اپنی باتوں کو اعمال کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ضروری ہے۔ (یعنی قول اور فعل میں تضاد نہیں ہونا چاہیے ۔)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کے مطابق ایکشن پلان پر عمل درآمد کے لیے سیکرٹری تربیت نماز میں باقاعدگی، قرآن پاک پڑ ھنے اور سمجھنے کے عزم اور اعمال میں اخلاص اور اخلاص کی اقدار کو برقرار رکھنے کے لیے اقدامات تشکیل دے سکتی ہیں۔ ان اہداف کو پورا کرنے کے لیے یہاں ایک تفصیلی ایکشن پلان ہے:

**1-نماز میں باقاعدگی بڑھائیں۔**

باقاعدہ نماز کی ادائیگی کیلئے انفرادی نگرانی میں ممبرات کو ایک دوسرے کا ساتھ دینے کے لیے یاد دہانی کے لئے دو ،دو لجنہ (یا دو سے زیادہ) کے گروپس بنانے کی ترغیب دیں۔

یاد دہانی کیلئے الاسلام ویب سائٹ پر موجود صلاۃ رمائینڈر ایپ کی مدد لی جاسکتی ہے ۔ تاکہ لجنہ اور خاص طور پر سٹوڈنٹ لجنہ اپنی مصروفیات میں بھی نماز پڑ ھنے کی عادت کو پختہ کر سکیں ۔

پنج وقتہ نمازوں کو اپنے مقررہ اوقات میں پرادا کرنے کی اہمیت پر ڈسکشن کریں ۔ ذیل میں الاسلام پر موجود صلاۃ ایپ کا لنک موجود ہے ۔

https://play.google.com/store/apps/details?id=org.alislam.adhan

**قرآن ریڈنگ کلب:** ممبرات کو ایک ساتھ، گروپ کی صورت میں یا جوڑوں میں قرآن کریم کو ترجمہ کے ساتھ سمجھ کر پڑ ھنے کی ترغیب دینے کے لیے قرآن ریڈنگ کلب قائم کریں ۔ ہر ماہ ہفتہ قرآن منایا جائے گا جس میں ممبرات کو ایک سورۃ مع ترجمہ وتفسیر پڑ ھنے کیلئے ٹارگٹ مقرر کیا جائیگا۔

ذیل میں الاسلام پر موجود قرآن ایپ کا لنک درج ہے ۔

https://play.google.com/store/apps/details?id=org.alislam.readquran

**مطالعہ کتب سلسلہ:-**

ذہنی صلاحیتوں کو نکھارنے اور علم کو وسیع کرنے کیلئے مطالعہ کتب بہت ضروری ہے اس لئے ممبرات کو کتب سلسلہ عالیہ احمدیہ کے مطالعہ کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے ۔ اس کیلئے پچھلے سال کے نصاب میں کتاب "دس شرائط بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں " شامل تھی اس سال اسکو جاری رکھیں گے ۔ اور ساتھ ہی ایک اور کتابچہ شامل کریں گے جو کہ "اچھی مائیں "کے نام سے الاسلام اردو لائبریری میں موجود ہے ، یہ کتابچہ مختصر مگر جامع ہے ۔ اس میں" تربیت اولاد کے دس سنہرے گُر" بیان کئے گئے ہیں۔یہ صاحبزادہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کی تصنیف ہے ۔

**حیا اور حجاب کی اہمیت**

پردہ ، حیا ، مناسب لباس اور حجاب سے متعلق بچیوں اور انکی ماؤں کو یاد دہانی کرواتی رہیں ۔ آپ اس کیلئے سیمینار اور ورکشاپس بھی منعقد کر سکتی ہیں ۔

**روحانی ترقی اور اللہ تعالیٰ سے تعلق میں مضبوطی**

روحانی ترقی کیلئے اللہ کی حمد اور شکر گزاری اور ذکر الٰہی کی طرف ممبرات کو توجہ دلاتی رہیں ۔ ممبرات اپنی ڈائری میں محاسبہ کرتی رہیں کہ انہوں خدا تعالیٰ سے تعلق مضبوط کرنے کیلئے کیا کوشش کی ہے ۔۔۔ اور اپنے اعمال کو کس قدر اخلاص کے ساتھ بہتر بنایا ہے۔ اور درجہ بدرجہ اللہ کے فضلوں کو اپنی روزمرہ زندگی میں محسوس کرتی ہیں۔

نماز تہجد ، نوافل اور نفلی روزہ میں باقاعدگی کیلئے یاد دہانی کروائی جائے ۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو دعائیہ خطوط لکھنے کی طرف توجہ دلاتی رہیں اور حالیہ دعاؤں کی تحریک کے بارہ میں دریافت کیا جائے کہ آیا ان دعاؤں کا وِرد جاری ہے۔

100 فیصد ممبرات نماز باترجمہ جاننے والی ہوں اسکے لئے ہم اس سال خصوصی مساعی کریں گی۔ اپنی ان ممبرات کی لسٹ بنائیں جنکو نماز باترجمہ نہیں آتی یا کچھ حصہ آتاہے ۔۔۔ ہر ماہ ان ممبرز کیلئے ٹارگٹ مقرر کیا جا رہاہے جسکو حاصل کرنے میں سیکرٹری تربیت نے انکی مدد کرنی ہے ۔

دسمبر :- ثناء کا ترجمہ

جنوری:- تعوّذ و تسمیہ

فروری:- سورۃ الفاتحہ

مارچ:- سورۃ الاخلاص

اپریل:- رکوع کی تسبیح اور بعد کی دعا (**سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن** )

مئی :- سجدہ کی تسبیح اور دو سجدوں کی درمیانی دعا

جون :- تشہد کا ترجمہ

جولائی:- درودشریف کا ترجمہ

اگست:- **رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا** ۔۔۔ کا ترجمہ

ستمبر :- **رَبِّ اجْعَلْنِی**--- کا ترجمہ

اکتوبر:- **رَبَّنَا اغْفِرْلِی**---- اور سلام کا ترجمہ

**حضرتِ مسیح موعود علیہ السلام** فرماتے ہیں
" **اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ۔**

( النحل: 129) خداتعالیٰ بھی انسان کے اعمال کا روزنامچہ بناتا ہے۔ پس انسان کو بھی اپنے حالات کا ایک روزنامچہ تیار کرنا چاہیے اور اس میں غور کرنا چاہیے کہ نیکی میں کہاں تک آگے قدم رکھا ہے۔ انسان کا آج اور کل برابر نہیں ہونے چاہئیں۔ جس کا آج اور کل اس لحاظ سے کہ نیکی میں کیا ترقی کی ہے برابر ہو گیا وہ گھاٹے میں ہے۔

(ملفوظات جلد 10 صفحہ 137-138۔ ایڈیشن 1984ء)

اللہ سے دعا ہے کہ ہم سب اپنے اعمال پر غور کر کے اپنا محاسبہ کرتے ہوئے نیکیوں میں بڑ ھنے والی ہوں ۔ آمین ثم آمین